لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ شعبان سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء	نمبر ۱۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

منشی راج بہادر دیوان الصدر ابتداً از برٹش گورنمنٹ کے ملازم رہے سنہ ۱۸۹۰ء سے
ملازمت ریاست کا سلسلہ شروع ہوا اور بحکم ۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۰۷ء [illegible]
امید دلائی گئی بعد ازاں وقتاً فوقتاً بلحاظ حسن خدمات و امانت و دیانت انکی عزت افزائی
و ترقی تنخواہ ہوتی رہی اور بموقع سالگرہ ۱۹۰۹ء انکو قدیمی ملازمان ریاست
کے سلسلہ قدیم میں شمار کر کے عہدہ دیوان الصدر انکے خاندان میں نسلاً بعد نسلٍ قائم

رکھا جانا منظور کیا گیا۔ اب منشی راج بہادر کی مدت ملازمت بنشار حکم ۸ اکتوبر ۱۸۹۵ء

۲۶ سال ہو۔ اور بوجہ ضعیف العمری وہ پنشن کے مستدعی ہین۔ لہذا لحاظ

پرورش و قدردانی نوازی ۔۔۔ پنشن منظور کیجاتی ہے اور حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہی

۱۔ منشی راج بہادر دیوانصدری کا ایک سو پچاس روپیہ ماہوار پنشن مقرر کیجاتی ہے جو بجٹ پنشنداران سے ملا کریگی۔

۲۔ منشی شیام بہادر خلف منشی راج بہادر اسسٹنٹ دیوانصدر بمشاہرہ ایکسو پچاس روپیہ ماہوار دیوانصدر مقرر ہون۔

۳۔ منشی برج بہادر خلف منشی راج بہادر بمشاہرہ ایکسو پچاس روپیہ ماہوار اسسٹنٹ دیوانصدر مقرر ہون

۴۔ چونکہ خزانہ کا کام نہایت اہم اور بڑی ذمہ داری کا ہو لہذا منشی راج بہادر اپنے لڑکون کے کام کے نگران اور پورے ذمہ دار رہین گے

اور جو اعزاز حاضری دربار وغیرہ انکو حاصل ہین بدستور قایم رہین گے

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ دستخط میر منشی اجلاس ہمایون

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۹ اپریل ۱۹۲۱ء

چونکہ بسلسلہ انتظام عہدہ چیف سکریٹری منشی شیرزمان خان صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج کو اختیارات سماعت مقدمات عدالت العالیہ اپیل کے اور منشی عماد اللہ خان جج عدالت خفیفہ کو اختیارات ڈسٹرکٹ وسشن ججی دیکر عارضی انتظام کیا گیا۔ مگر منشی عماد اللہ خان جج خفیفہ بیمار ہین اور ایک مہینہ سے رخصت پر ہین اور اب مزید ایک ماہ کی رخصت کی درخواست کرتے ہین اور معلوم نہین کہ کب تک انکو صحت ہوگی بالفعل منشی شیرزمان خان صاحب دونون جگہہ کام کر رہے ہین اور فیصلہ مقدمات ڈسٹرکٹ وسشن جج تعویق مین پڑے ہوے ہین۔ لہذا اسکے لئے حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہی۔

(۱) صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر کو عارضی طور پر باختیارات ڈسٹرکٹ وسشن ججی وسیشل ڈسٹرکٹ وسشن جج مقرر کیا جاتا ہی۔

(۲) یہ اختیارات صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر کو اسوقت تک کے لئے دیئے جاتے ہین کہ منشی شیرزمان خان اپنے کام پر واپس جائین یا منشی عماد اللہ خان بعد صحت کام کرنے کے قابل ہوجائین اور اجلاس ہمایون سے احکام صادر ہونے کے بعد وہ کام شروع کرین۔

(۳) بالفعل صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر ڈسٹرکٹ وسشن ججی کا کام عارضی طور پر انجام دینگے۔ اور تنخواہ بدستور جس صیغہ سے دیتے تھے پاتے رہینگے۔

(۴) جو کارروائی مقدمات ابتدائی دیوانی وسشن مین جس نوبت تک ہوچکی ہو صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر اس سے آیندہ کارروائی جاری رکھین تاکہ اہل معاملہ وگواہان کو دوبارہ تکلیف وکشاکشی نہو۔

(۵) منشی عماد اللہ خان کی رخصت ایک ماہ ۱۵ اپریل ۱۹۲۱ء سے منظور کیجاتی ہے ان ایام رخصت مین جو الاونس انکو ڈسٹرکٹ سشن ججی کے کام کا ملتا تھا نہین ملیگا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اپریل ۱۹۲۱ء

حسب تحریر بخشی صاحب فوج۔ رخصت پندرہ یوم منشی شیام لال سفرمینا ہشری شیٹ بوجہ علالت بسلسلہ رخصت سابقہ ۱۲ اپریل ۱۹۲۱ء سے منظور ہوی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ اپریل ۱۹۲۱ء

بنشار حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم۔ رخصت یکہفتہ اتفاقیہ سید مہدی حسن سب انسپکٹر مفوض شرکت شادی بمقام میرٹھ منظور کیگئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ اپریل ۱۹۲۱ء

آٹھہ یوم کی رعایتی رخصت منیجری انجنیری ۲۰ اپریل ۲۱ء سے تا ہنگام کارکردگی حسب ایسٹ منظور ہوی۔

گزٹ ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ ۱۶ لغایت ۲۲ اپریل

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۷ار	۷ار		۷ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۰۶ار	۰۷ار		۷ار	
نخود کسر آمیز			۰۷ار	۰۷ار		۰۶ار	
کستہ			۰۷ار	۸ار		۷ار	
ماش			۵ار	۰۷ار		۵ار	
مونگ			۲ار	۳ار		۳ار	
مکا			۸ار	۰۷ار		۷ار	
جئی			۹ار	۱۰ار		۹ار	
گوجئی			۸ار	۸ار		۷ار	
مسور			۰۷ار	۸ار		۶ار	
ارہر			۸ار	۹ار		۶ار	
برنج			۳ار	۲ار		۵ار	
روغن زرد			۰ار	۰ار		۰ار	
روغن سیاہ			۷وار	۱ار		۷ار	
روغن کنجد			۱ار	۲ار		۱ار	
نمک سانبھر			۱۰ار	۸ار		۸ار	
نمک لاہوری			۴ار	۵ار		۸ار	
قند سیاہ			۰۲ار	۷ار		۳ار	
باجرہ							